NYC Health

# گھر میں سیسے والے پینٹ کے خطرے والے عوامل

گھروں کو محفوظ رکھنے کی خاطر کرایہ داروں کا یہ کچھ جاننا اور عمارت کے مالکان کا یہ کچھ کرنا ضروری ہے





سیسہ ایک زہر ہے جو اکثر پرانے پینٹ میں پایا جاتا ہے۔ سیسے کی زہر آلودگی بچوں میں سیکھنے اور برتاؤ کے مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔ 1960 سے پہلے بننے والی عمارات میں سیسے والا پینٹ دیواروں، کھڑکیوں، کھڑکیوں کی سِلوں، دروازوں یا دیگر سطحوں پر موجود ہو سکتا ہے۔

اگر یہ پینٹ اکھڑتا ہے یا مرمتیں غیر محفوظ طریقے سے کی جائیں تو سیسے والا پنیٹ اور اس کی گرد آپ کے گھر میں پھیل سکتی ہے۔ جب بچے اپنے ہاتھوں یا کھلونوں کو منہ میں لیتے ہیں تو وہ سیسے والی گرد کو نگل سکتے ہیں۔

کچھ پرانی کرائے کی عمارتوں کے مالکان کو ایسے اپارٹمنٹس میں سیسے والے پینٹ کے خطرات والے عوامل کو ٹھیک کرنا چاہیے جہاں 5 سال یا اس سے کم عمر کے بچے رہتے ہیں یا کم از کم 10 گھنٹے فی ہفتہ گزارتے ہیں۔

**سیسے کے پینٹ کے خطرات والے عوامل** میں سیسے والا پینٹ شامل ہے جو چھیل رہا ہو یا خراب ہو رہا ہو یا سطحوں پر جیسے گرتے ہوئے پلاسٹر، بوسیدہ لکڑی، اور دروازے اور کھڑکیاں جو ایک ساتھ چھوتے، چپکتے یا رگڑتے ہیں۔

## عمارتوں کے مالکان کے لیے لازم ہے کہ:

- کرایہ داروں سے پوچھنے کے لیے ایک سالانہ نوٹس بھیجیں کہ آیا کوئی 5 سال یا اس سے کم عمر کا بچہ ان کے اپارٹمنٹ میں رہتا ہے یا کم از کم 10 گھنٹے فی ہفتہ گزارتا ہے۔

- سیسے کے پینٹ کے خطرات کے حوالے سے چھوٹے بچوں والے اپارٹمنٹس کا معائنہ کریں اور کرایہ داروں کو معائنہ کے نتائج فراہم کریں۔
- کام کے محفوظ طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے تمام کرائے والے یونٹوں میں سیسے کے پینٹ کے خطرات کو درست کریں۔ نئے کرایہ دار کے منتقل ہونے سے پہلے، ان کھڑکیوں اور دروازوں پر کوئی سیسے والا پینٹ نہیں ہونا چاہیے جو ایک ساتھ چھوتے، چپکتے یا رگڑتے ہیں۔
- اگر کرایہ دار کے اپارٹمنٹ میں رہتے ہوئے سیسے کے پینٹ کے خطرات کو محفوظ طریقے سے ٹھیک نہیں کیا جا سکتا ہے تو عارضی رہائش فراہم کریں۔
- اگر کسی کمرے میں 100 مربع فٹ سے زیادہ سیسے والا پینٹ چھیڑا جانا ہو یا دو یا دو سے زائد پینٹ شدہ کھڑکیوں کو تبدیل کیا جانا ہو تو نیو یارک سٹی (New York City, NYC) محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت کو مطلع کریں۔
- سیسے والے پینٹ کے معائنوں، نوٹسز اور مرمتوں سے متعلق ریکارڈز کم از کم 10 سال تک رکھیں۔

## کرایہ داروں کے لیے لازم ہے کہ:

- سالانہ نوٹس کو پُر کریں اور 15 فروری تک واپس بھیجیں۔
- اگر ان کے یہاں بچے کی ولادت ہو یا 5 سال یا اس سے کم عمر کا کوئی بچہ ان کے گھر میں رہنے یا کم از کم 10 گھنٹے فی ہفتہ ان کی طرف گزارنے آئے تو اپنی عمارت کے مالک کو مطلع کریں۔

## کام کے محفوظ طریقہ کار:

سیسے کے پینٹ کے خطرات کو ٹھیک کرتے وقت اور سیسے والے پینٹ میں خلل ڈالنے والی مرمت کرتے وقت امریکی EPA سے تصدیق شدہ کارکنوں کی خدمات استعمال کریں۔

کام کی جگہ کے باہر انتباہ نامے لگائیں۔

تمام فرنیچر کو منتقل کریں یا ڈھک دیں۔ فرشوں، دروازوں اور دیگر درزوں کو پلاسٹک اور پانی سے محفوظ ٹیپ سے سربمہر کر دیں۔

کام کرنے کی جگہ کو روزانہ گیلے موپس یا HEPA ویکیوم سے صاف کریں۔ کام مکمل ہونے کے بعد حتمی صفائی کے لیے، HEPA ویکیوم، پھر گیلے موپس، پھر دوبارہ HEPA ویکیوم سے صاف کریں۔

کام مکمل ہونے کے بعد EPA کے مصدقہ غیر جانبدار ٹھیکیدار سے گرد کی صفائی کا پونچھا دلوا کر یقینی بنائیں کہ سیسے کی گرد کی سطحیں محفوظ مقدار کے اندر ہیں۔

**سیسے والے پینٹ کو کبھی بھی خشک حالت میں نہ جھاڑیں یا اس پر خشک ریتی نہ پھیریں۔**

### ٹیسٹنگ کی 5- سال کی شرط
### (2020 کا مقامی قانون 31)

عمارتوں کے مالکان کے لیے لازم ہے کہ اگست 2025 تک، یا اگر 5 سال یا اس سے کم عمر کا بچہ اپارٹمنٹ میں رہنے کے لیے یا ہفتے میں کم از کم 10 گھنٹے گزارنے کے لیے آتا ہے تو اس کے ایک سال کے اندر، تمام اپارٹمنٹس کا سیسے والے پینٹ کے حوالے سے معائنہ کر لیں۔

## سیسے والے پینٹ کے حوالے سے خلاف ورزیاں

- اگر کوئی کرایہ دار **311** پر شکایت کرتا ہے تو NYC ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈویلپمنٹ (NYC Department of Housing Preservation and Development, HPD) پرانی عمارتوں میں چھوٹے بچوں والے اپارٹمنٹس کا معائنہ کرے گا۔
- اگر HPD کو سیسے والے پینٹ کے خطرے کا پتہ چلتا ہے تو عمارت کے مالک کو خلاف ورزی وصول ہوگی اور اسے ایک مخصوص وقت تک خطرے کو ٹھیک کرنا ہوگا۔
- عمارت کے مالکان کو سیسے کے پینٹ کے خطرے کی خلاف ورزیوں کو ٹھیک کرنے یا سیسے والے پینٹ کو ہٹانے کے لیے کام کے محفوظ طریقے استعمال کرنا چاہیئں۔ مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/hpd** پر جائیں اور **"lead-based paint"** (سیسے پر مبنی پینٹ) تلاش کریں۔
- HPD تمام خلاف ورزیوں کا دوبارہ معائنہ کرے گا اور ساتھ ہی سیسے والے پینٹ کے کسی بھی ایسے خطرات کو ٹھیک کرے گا جو عمارت کا مالک ٹھیک نہیں کرتا۔ کرایہ داروں کو چاہیے کہ وہ HPD کو اپنے اپارٹمنٹ میں داخل ہونے کی اجازت دیں تاکہ کوئی بھی ضروری مرمت کی جا سکے۔
- HPD عمارت کے ریکارڈ کا آڈٹ کر سکتا ہے اور سیسے والے پینٹ کے خطرات اور خالی جگہ کے دوران کام کرنے میں ناکامی کے لیے مکمل عمارتوں کا معائنہ کر سکتا ہے۔



## سیسے سے ہونی والی زہر آلودگی سے بچاؤ میں مدد کریں

- ذیل کے لیے **311** پر کال کریں:
  - سیسے کا ٹیسٹ کروانے کا طریقہ جانیں۔
  - اگر آپ کی عمارت کا مالک چھیلنے والے پینٹ کو ٹھیک نہیں کرتا ہے یا غیر محفوظ مرمت کر رہا ہے تو رپورٹ کریں۔
  - پینے کے پانی کے لیے مفت سیسے کے ٹیسٹ کی کٹ منگوائیں۔
  - سیسے کے بارے میں اس بروشر یا دیگر مواد کی کاپیاں منگوائیں۔
- فرشوں، کھڑکیوں کی سِلوں، ہاتھوں، کھلونوں اور چوسنیوں کو وقتا فوقتا دھوئیں۔
- اپنے بچے کا سیسے کا ٹیسٹ کروانے کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں۔ فراہم کنندہ تلاش کرنے میں مدد کے لیے، **311** یا 844-692-4692 پر کال کریں۔

اگر عمارت 1960 سے پہلے بنی تھی (یا 1960 اور 1978 کے درمیان اگر اس میں سیسے والا پینٹ ہو) تو کرائے کی یونٹس والے عمارت کے مالکان کو کرایہ داروں کو اس بروشر کی پرنٹ شدہ یا ڈیجیٹل کاپی دینا چاہیے جب وہ لیز پر دستخط کریں یا اپارٹمنٹ میں منتقل ہو جائیں۔ اس بروشر میں سیسے والے پینٹ کے بارے میں بنیادی معلومات دی گئی ہیں ہیں ناکہ کوئی قانونی مشورہ۔

ذیل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں:

- سیسے کی زہر آلودگی کی روک تھام کے بارے میں اس لنک میں مزید جانیں **nyc.gov/lead**
- عمارت کے مالکان کے لیے سیسے کی زہر آلودگی کے بارے میں جاننے کے لیے **nyc.gov/health** پر جائیں اور **"lead and building owners"** (سیسہ اور عمارت کے مالکان) تلاش کریں۔
- قوانین اور قابل اطلاق قواعد، ویبنارز اور مالک کے لیے رہنمائی کے لیے، **nyc.gov/hpd** پر جائیں اور **"lead poisoning"** (سیسے کی زہر آلودگی) تلاش کریں۔

EHS1324041 - 4.23 Urdu